NSW GOVERNMENT Education Public Schools

# Drive and park safely near schools

# سڑک پر حفاظت کےبارے میں معلومات

**آپ کے بچوں کے اسکول آنے جانے کے دوران ان کی حفاظت آپ کی ذمہ داری ہے۔**

## اسکولوں کے نزدیک باحفاظت گاڑی چلائیں اور پارک کریں

اسکولوں کے باہر پیدل چلنے والوں اور ڈرائیوروں کے لئے اسکول شروع اور ختم ہونے کے اوقات مصروف ہوتے ہیں۔

**آپ مندرجہ ذیل چیزیں یاد رکھ کر بچوں کو محفوظ رکھنے میں مدد دے سکتے ہیں:**

- بچوں کو سڑک پر اسکول والی سائیڈ پر چھوڑ کر اور اٹھا کر
- بچوں کو سڑک کی دوسری جانب سے کبھی مت پکاریں – ایسا کرنا بہت خطرناک ہے
- 40 کلومیٹر کے اسکول زونز میں گاڑی چلانے کے دوران اضافی احتیاط برتیں
- پارکنگ کے تمام نشانات پر عمل کریں – یہ نشانات بچوں کی بہترین حفاظت ممکن بنانے میں مدد دیتے ہیں
- ذمہ داری سے پارکنگ کریں چاہے اس کا مطلب یہ ہو کہ آپ کو دور سے چل کر اسکول کے گیٹ تک آنا پڑے
- کبھی بھی ڈبل پارک نہ کریں – یہ غیرقانونی ہے اور بچوں کے لئے خطرے کا باعث ہے
- اسکول کے باہر کبھی بھی یو ٹرن یا تھری پوائنٹ ٹرن نہ کریں کیونکہ ایسا کرنا بچوں کے لئے خطرے کا باعث ہے
- اپنے بچوں کے سامنے محفوظ اور دھیان سے پیدل چلنے اور گاڑی چلانے کے رویے کا نمونہ پیش کریں۔

### مزید معاونت کے لئے

ڈیپارٹمنٹ کے روڈ سیفٹی ایجوکیشن پروگرام پر جائیں جو یہاں دستیاب ہے https://education.nsw.gov.au/road-safety-education یا دیکھیں https://education.nsw.gov.au اور سڑک پر محفوظ رہنے کی معلومات تلاش کریں۔

### کار میں سفر کرنے کے دوران اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے:

- اگر 4 سے 7 سال کی عمر کے ہیں تو بوسٹر سیٹ استعمال کریں – یہ قانونی قاعدہ ہے
- درست طور سے اپنی سیٹ بیلٹیں لگائے ہوئے ہیں
- ہمیشہ 'محفوظ دروازے' سے کار کے اندر باہر آئیں اور جائیں – فٹ پاتھ کی جانب کار کا پچھلا دروازہ
- کار میں کبھی اکیلے نہ چھوڑے جائیں۔

**6 ماہ تک**
پیچھے کی جانب منہ کر کے رکھے جانے والی منظور شدہ چائلڈ کار سیٹ

**6 ماہ سے 4 سال تک**
پیچھے یا سامنے کی جانب منہ کرکے رکھے جانے والی منظور شدہ چائلڈ کار سیٹ

**4 سال سے زائد**
سامنے کی جانب منہ کرکے رکھے جانے والی منظور شدہ چائلڈ کار سیٹ یا بوسٹر سیٹ

**145 سنٹی میٹر یا اس سے لمبا قد**
بالغوں کی سیٹ بیلٹ (lap-sash) استعمال کرنے کے لئے کم سے کم تجویز کردہ قد